# زیارت امام‖ خرالزمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف

یہ وہی زیارت ہے جو ہر روز نماز فجر کے بعد امام زمانہ (عج) کی یاد میں پڑھنی چاہیے اور وہ یہ ہے۔

اَلـلّٰهُـمَّ بَـلِّغْ مَوْلایَ صاحِبَ الزَّمانِ صَلَواتُ اللهِ عَلَيْهِ عَنْ جَمِيعِ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِناتِ فِي مَشارِقِ

اے معبود پہنچا میرے ‖قا امام زمانہؑ کو، ان پر خدا کی رحمتیں ہوں تمام مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کی طرف سے

الْاَرْضِ وَمَـغارِبِهاوَبَرِّها وَبَحْرِها وَسَهْلِها وَجَبَلِها حَيِّهِمْ وَمَيِّتِهِمْ وَعَنْ والِدَيَّ وَوُلْدِي وَعَنِّي

جو زمین کے مشرقوں اور مغربوں میں ہیں خشکیوں اور سمندروں میں میدانوں اور پہاڑوں میں ہیں زندہ اور مردہ اور میرے والدین

مِـنَ الـصَّلَواتِ وَالتَّحِيَّاتِ زِنَةَ عَرْشِ اللهِ وَمِدادَ كَلِماتِهِ وَمُنْتَهيٰ رِضاهُ وَعَدَدَ مَا أَحْصاهُ كِتابُهُ وَ

اور میری اولاد اور میری طرف سے بہت درود اور بہت سلام ہو ہم وزن ہو عرش الٰہی کے اور اسکے کلمات کی روشنی اور اسکی پوری رضا کیاس تعداد میں جو

أَحـاطَ بِـهِ عِلْمُهُ. اَللّٰهُمَّ إِنِّي أُجَدِّدُ لَهُ فِي هذَا الْيَوْمِ وَفِي كُلِّ يَوْمٍ عَهْداً وَعَقْداً وَبَيْعَةً فِي رَقَبَتِي

اسکی کتاب میں ہے اور جو اسکے علم میں ہے اے معبود میں تازہ کرتا ہوں ‖ج کے دن میں اور ہر دن میں یہ پیمان یہ بندھن اور بیعت جو میری گردن پر ہے

اَلـلّٰهُـمَّ كَـمَا شَرَّفْتَنِي بِهذَا التَّشْرِيفِ وَفَضَّلْتَنِي بِهذِهِ الْفَضِيلَةِ وَخَصَصْتَنِي بِهذِهِ النِّعْمَةِ فَصَلِّ عَلَى

اے معبود ‰ عزت دی تو نے مجھے اس عزت کے ساتھ بڑائی دی تو نے مجھے اس بڑائی کے ساتھ اور خصوصیت

مَـوْلايَ وَسَيِّـدِي صـاحِـبِ الزَّمانِ وَاجْعَلْنِي مِنْ أَنْصارِهِ وَأَشْياعِهِ وَالذَّابِّينَ عَنْهُ وَاجْعَلْنِي مِنَ

دی ہے اس نعمت کے ساتھ پس میرے مولاؑ میرے سردار امام زما‖ پر رحمت کر اور مجھ کو انکے مددگاروں انکے ساتھیوں اور انکا دفاع کرنے والوں

الْـمُسْتَشْهَـدِيـنَ بَيْـنَ يَـدَيْـهِ طائِعاً غَيْرَ مُكْرَهٍ فِي الصَّفِّ الَّذِي نَعَتَّ أَهْلَهُ فِي كِتابِكَ فَقُلْتَ

میں قرار دے اور مجھے ان میں رکھ جو شہید ہوں گے انکے روبرو فرمانبرداری سے نہ زبردستی سے اس صف میں جس صف والوں کی تو نے کتاب میں مدح

صَـفّـاً كَـأَنَّهُـمْ بُـنْيَانٌ مَرْصُوصٌ عَلَى طاعَتِكَ وَطاعَةِ رَسُولِكَ وَآلِهِ عَلَيهِمُ اَلسَّلامُ. اَللّٰهُمَّ

کی پس فرمایا ایسی صف ‰سیسہ پلائی دیوار ہو میرا یہ عمل تیری اطاعت تیرے رسولؐ اور ان کی ‖لؑ کی اطاعت میں ہو ان سب پر سلام ہوں اے معبود

هذِهِ بَيْعَةٌ لَهُ فِي عُنُقِي إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

ان کی یہ بیعت روز قیامت تک میری گردن پر ہے۔

مولف کہتے ہیں بحار الانوار میں علامہ مجلسیؒ نے فرمایا ہے کہ میں نے بعض قدیم کتابوں میں پڑھا ہے کہ اس زیارت کے بعد اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر اسطرح رکھے ‰کسی کی بیعت کرتے وقت رکھا جاتا ہے یہ واضح رہے کہ

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

ہم نے سرداب مقدس کے اعمال میں چار زیارتیں نقل کی ہیں اور یہ ہماری کتاب کی پانچویں زیارت شمار ہوگی اور ہم نے زیارت ایام ہفتہ کے بیان میں جمعہ کے دن امام العصر (عج) کی ایک زیارت درج کی ہے لہٰذا روز جمعہ آپ کی وہ زیارت بھی پڑھی جاسکتی ہے۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com